لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق یکم اگست سنہ ۱۹۲۱ء | جلد ۱۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت نگرانی نائب چارہ فیلان بہنگام دورہ تحصیلات	۱
۲	اضافہ الاؤنس تعمیرات	۲
۳	رخصت منصرم سرشتی	۳
۴	انتظام آسامی غلام محمد خان نائب محافظ دفتر متوفی	رر
۵	برطرفی ایسری پرشاد محرر کاری	رر
۶	انتظامی تبادلہ جات و تقرریان صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر	۵
۷	نقشہ بارش نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ ۳

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرض　　　　میر سامان

جناب عالی

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جب ہاتھی خدمت بیرونجات پر تحصیلات وغیرہ بیرون حدود ریاست بھیجے جاتے ہیں تو ہاتھی لاغر اور کمزور واپس آتے ہیں جس

واضح ہوتا ہے کہ فیلبان لوگ فیلان کو چارہ راتب بالکل نہین دیتے ہین اور دیتے ہونگے تو بہت خفیف۔ اور قیمت چارہ راتب کی حسب قاعدہ مجرا لیتے ہین۔ جمع خرچ جو مرتب ہو کر آتا ہے وہ جمع خرچ اور رسیدات قیمت اشیائے مصدقہ صاحب سواری ہوتے ہین۔ ایسی صورت مین یہ خیال ہوتا ہے کہ صاحب سواری محض بغرض تکمیل جمع خرچ تصدیق کر دیتے ہین۔ چارہ راتب کی نگرانی سے کوئی بحث نہین کرتے ہین۔ خواہ ہاتھی کو چارہ راتب دیا جاوے یا نہ دیا جائے۔ چونکہ چارہ راتب کی نگرانی منجانب سواری نہین ہوتی ہے۔ لہذا بادب گزارش ہے کہ ایک عام حکم صادر فرمایا جائے کہ جب تحصیلات وغیرہ مین یا جس صاحب کی سواری مین ہاتھی جایا کرے وہ ہاتھی کے چارہ راتب کا خاص انتظام نگرانی کا کر دیا کرین۔ مجرائی جمع خرچ کی حسب قاعدہ فیلخانہ سے ہوا کریگی۔ دولت و اقبال جاوید باد مع

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

مثبہ رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار بابو تارا چند اکاونٹنٹ تنخواہ دار ایکسو دس روپیہ

مشمول تقرر ابتدائی کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ تارا چند اکاونٹنٹ کا تقرر ابتدائی بمشاہرہ ایکسو روپیہ ماہوار منظور ہوا تھا اور یہ شرط تھی کہ بشرط عمدگی کام سالانہ دس روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر ایکسو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ کر دیجائیگی چنانچہ پہلا اضافہ دس روپیہ ماہوار کا سنہ ۱۹۱۸ء مین مل چکا ہے اور اب ماہوار ایکسو دس روپیہ تنخواہ پا رہا ہے۔ مگر اب اکاونٹنٹ مذکور کی تنخواہ بیس روپیہ ماہوار اضافہ کی مستدعا ہے جو شرائط تقرر ابتدائی کے خلاف ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

تارا چند اکاونٹنٹ تعمیرات کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط ہوم سکریٹری

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج۔ رخصت یکماہ شام لال سنفرم ...سنٹری بعوض عسکری حسین اُمیدوار بہ تنخواہ نصف منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

محافظخانہ فوجداری مین دو شخص نائب محافظ دفتری کے نام سے موسوم تھے ایک غلام محمد خان دوسرا مظفر حسین خان۔ غلام محمد خان نائب محافظ دفتر کا انتقال ہو گیا۔ آیندہ دو نائب محافظ دفتر کی ضرورت نہین ہے۔ جو شخص اس سلسلہ مین مقرر ہوگا وہ نائب محافظ دفتری کے نام سے موسوم نہین ہوگا۔ بلکہ وہ محرر کے نام سے ہوگا مظفر حسین خان دوسرے نائب محافظ دفتر کو آیندہ جو تنخواہ غلام محمد خان متوفی کو ملتی تھی وہی ملیگی۔ چونکہ دوسرا عہدہ محافظ دفتری کا شکست ہو گیا۔ لہذا ابرار حسین محرر کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ ماہوار و فضل احمد خان محرر کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ اور خلوی آسامی پر۔ نہال الدین خان ولد حسین الدین خان کا تقرر آسامی محرری پر بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار کیا جاتا ہے۔ یہ انتظام عارضی ہے بعد چند مہینہ کے کارگذاری بابتہ رپورٹ آنا چاہئے تب جملہ اضافہ و تقرری کی بابتہ مستقل حکم ہوگا۔ چونکہ نہال الدین خان مذکور کو زمانہ رخصت اشفاق حسین خان اہلمد کچہری مین کام کرنا ہے اور محمد احمد نقل نویس فوجداری کا وہ عوضی ہے لہذا تا واپسی اشفاق حسین خان اہلمد کچہری کر دہ بدستور وہان کام کریگا۔ مگر اب محمد اختر خان کا عوضی نواب عنایت حسین اس تنخواہ پر جو نہال الدین خان کو ملتی ہے مقرر ہوگا۔ اور تا واپسی نہال الدین خان کے محافظخانہ فوجداری مین بسی نواب لدخان کام کریگا حکم ہوا کہ۔ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم مختار

۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب درخواست نفاحت حسین ولد نیاز احمد ساکنہ موضع احمد نگر پرگنہ حضور تحصیل شہد بحق رجسٹرار صاحب صدر۔ الیسری پرشاد کا نام مختار کاری سے بوجہ برخاستگی از ملازمت برطرف کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۲۶ جولائی ۱۹۲۱ء

بحکم ۱ فروری ۱۹۲۱ء بمصلحت انتظامی تبادلہ چند اہلکاران کا امتحاناً برائے سہ ماہ ایک کارخانہ سے دوسرے کارخانہ و سررشتہ سے دوسرے سررشتہ مین ہوا تھا جسکی میعاد ۱۰ مئی ۱۹۲۱ء کو ختم ہو گئی لیکن ابھی تک اسوجہ سے کہ رپورٹ ہائے کارکردگی اہلکاران عین وقت پر صیغہ جات سے وصول نہین ہوئین - اہلکاران کے استقلال و تبادلہ کے احکام جاری نہو سکے اب چونکہ تمام صیغہ جات سے مکمل رپورٹین آ چکی ہین اور جدید انتظام بسلسلہ تبادلہ سید محمد ذکی حسین پیشکار صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص نے تجویز فرمائے ہے اوسکی تحریر بھی آ چکی ہے لہذا حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے -

۱- سید محمد ذکی حسین پیشکار سبدلہ کے بجائے صفدر علیخان اہلمد اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بمشاہرہ دار سترہ روپیہ ماہواری باضافہ تین روپیہ ماہواری بمشاہرہ بیس روپیہ پیشکار اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص مقرر کیئے جائین - ۲- بجائے صفدر علیخان گنج بہاری لال محرر منشی مولوی محمد شیعت اللہ صاحب اپنی موجودہ تنخواہ پر اہلمدی کے کام پر مد ڈیوڑھیات سے تبدیل ہون یہ آخر موقع اونکو دیا جاتا ہے - چندبار انکا تبادلہ و شکایت ہو چکی ہے آیندہ ایسی صورت کی شکایت پیش نہ آئے ورنہ حکم مناسب دیا جائیگا بارہ روپیہ اونکو مد ڈیوڑھیات سے ملتے تھے وہ اب دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص سے پائینگے - مولوی محمد شیعت اللہ صاحب اپنے پیشی کے کام کیواسطے خود آدمی تجویز فرما کر مطلع فرمائین - ۳- متھرا پرشاد پیشکار اصطبل سے باغات مین عارضی تبدیل ہوے تھے افسر صاحب باغات نے بنابر انصرام و تفہیم حسابات لیا تھا وہ اپنی جگہ اصلی پر واپس کیئے جائین -

۴- حافظ فدا احمد صاحب پیشکار افسر صاحب محلات معلی اُنکی جگہ تبدیل کیئے گئے تھے لیکن افسر صاحب محلات معلی نے اونکی اظہار قابلیت دیانت و وقعت ذاتی کے اعتبار سے اونکو بدستور اپنے پاس رکھنا چاہا لہذا وہ بدستور اپنا کام انجام دین جداگانہ حکم بھی افسر صاحب کی خدمت میں بھیجدیا گیا ہے

۵- حبیب الرحمن خان محرر پاندان خانہ بجائے حافظ فدا احمد صاحب تبدیل کیئے گئے تھے جو آجکل اصطبل مین کام کر رہے ہین افسر صاحب اصطبل اونکے کام کی تعریف کرتے ہین وہ اہلمد منشی افسر صاحب باغات مقرر کیئے جائین چودہ روپیہ ماہواری تنخواہ وہ پائینگے جو ہنگام تبادلہ سابقہ اونکے واسطے تجویز ہو چکے تھے کہ تنخواہ - الاونس - اب الاونس نہین ملیگا تنخواہ مذکور بالا پاتے رہینگے چونکہ مدت امتحانی ختم ہونے کی وجہ سے رقم الاونس اونکی یافتنی تھی اوسکا حساب بسلسلہ تبادلہ سابقہ اصطبل سے مرتب ہو کر آنا چاہیے تاکہ الاونس ایام کارکردگی دلا دیا جائے - ۶- محمد نبی خان محرر اصطبل بوجہ پیشی منشی متھرا پرشاد اپنا کام بدستور انجام دین جو اس سے پہلے وہ انجام دیتے تھے

۷- احمد رضا خان جو محرری نیلام کا کام انجام دیتے ہین مستقل محرر نیلام مقرر کیئے جائین منصرم نیلام اُنکے کام سے خوش ہین - ۸- سید مصطفے حسین محرر نیلام جو ڈیوڑھی پر عارضی تبدیل ہوے تھے بوجہ اچھا کام کرنیکے مستقل محرر ڈیوڑھیات مقرر ہون - ۹- عبد الرزاق خان محرر ڈیوڑھیات کے قدامت سے ہمارے دفتر مین بکار نقل حرالفن و جمع خرچ نویسی تبدیل ہوے تھے ناظر اجلاس اونکی اچھا کام کرنے سے مستدعی تقرر ہین لہذا وہ مستقل طور پر ہمارے دفتر مین بمشاہرہ دس روپیہ ماہواری بسلسلہ تاریخ و تقرر سابقہ نقل حرالفن و جمع خرچ ہاے کے روانگی کے کام پر مقرر ہون تنخواہ اونکی اس دفعہ کی برآورد ماہواری مین اگر شامل نہو سکے تو تنخواہ تتمہ برآورد سے برآمد کرا کے دیدی جائے

۱۰- سلامت اللہ خان جو دفتر سے پاندان خانہ مین تبدیل ہوے تھے اُنکے کام کی بابت منصرم نے رپورٹ بھیجی ہے اور حامد رضا خان محرر فیلخانہ کے تبادلہ کی تجویز افسر صاحب فیلخانہ نے بھیجی ہے لہذا وہ بجائے حامد رضا خان اور انکی جگہ حامد رضا خان تبدیل ہون ہر شخص اپنی موجودہ تنخواہ پائیگا -

۱۱- سعادت علیخان ٹولیدار جو احمد رضا خان کی جگہ اصطبل مین تبدیل ہوے ہین افسر صاحب اصطبل اونکے کام کے شاکی ہین اونکا جواب افسر صاحب اصطبل جلد لیکر

پیش کرین تا تجویز ثانی اونکا نام برآورد فراش خانہ سے اصطبل مین منتقل کردیا جائے
تجویز متبادر سے سوائے اشخاص مندرجہ ... و ... کے کسی کی تنخواہ پر کوئی اثر
ترمیم و تغیر کا نہ پڑیگا ہر شخص اپنی موجودہ تنخواہ پائیگا۔

حکم ہوا کہ

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۳ جولائی ۱۹۲۱ء لغایت

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد بارش	صدر عالیہ: اوزان	تحصیل بلاسپور: تعداد بارش	تحصیل بلاسپور: اوزان	تحصیل سوار: تعداد بارش	تحصیل سوار: اوزان	تحصیل شاہ آباد: تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد: اوزان	تحصیل ملک: تعداد بارش	تحصیل ملک: اوزان	تحصیل ٹانڈہ: تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ: اوزان
۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم شنبہ	۱	۲۶۴	۰	۴۸۲	۰	۳۵۸	۰	۲۳۱	۰	۱۸۹	۲	۲۲۹
۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم یکشنبہ	۰	۲۶۴	۰	۴۸۲	۰	۳۵۸	۰	۲۳۱	۰	۱۸۹	۰	۲۲۹
۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم دوشنبہ	۰	۲۶۴	۳	۴۸۵	۳	۳۶۱	۰	۲۳۱	۰	۱۸۹	۱	۲۳۱
۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۶۴	۰	۴۸۵	۰	۳۶۱	۰	۲۳۱	۰	۱۸۹	۰	۲۳۰
۲۷ ″ ″ ″ چہارشنبہ	۰	۲۶۴	۱۵	۵۰۰	۰	۳۶۱	۲۱	۲۵۲	۱۰	۱۹۹	۰	۲۳۰
۲۸ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۲	۲۶۶	۰	۵۱۰	۰	۳۶۱	۰	۲۵۲	۰	۱۹۹	۰	۲۳۰
۲۹ ″ ″ ″ جمعہ	۰	۲۶۶	۰	۵۰۰	۰	۳۶۱	۰	۲۵۲	۰	۱۹۹	۰	۲۳۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۵ لغایت ۳۱ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۴۰ ار	۴۰ ار	۴۰ ار	۴۰ ار	
نخود خالص			۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	
نخود ملے و بیجر			۶ ار	۵۰ ار	۵ ار	۵۰ ار	
کسیر			۶ ار	۵۰ ار	۵۰ ار	۵ ار	
[illegible]			۴۰ ار	۴ ار	۴۰ ار	۴ ار	
مونگ			۳۰ ار	۳ ار	۳۰ ار	۳ ار	
مکا			۰	۰	۰	۰	
جنیچ			۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	
لوبی			۶ ار	۵۰ ار	۶ ار	۶ ار	
مسور			۶ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
ارہر			۶۰ ار	۵ ار	۶ ار	۶ ار	
برنج			۳۰ ار	۳۰ ار	۳۰ ار	۴ ار	
روغن زرد			۵ چھٹانک	۰ ار	۰ ار	۔ [illegible]	
روغن سیاہ			۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن کنجد			۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر			۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری			۶ ار	۵ ار	۶ ار	۷ ار	
قند سیاہ			۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
باجرہ			۰	۰	۰	۰	

[illegible]